4311CH10

# 10 پیٹرن سے کھیلنا


## ہمارے اطراف میں پیٹرن

ہم روز کئی طرح کے بہت سے پیٹرن دیکھتے ہیں۔

مثال کے طور پر۔

کانٹے دار تار





کھڑکی کی جالی




سانپ

© NCERT not to be republished

اپنے چاروں طرف دیکھیے اور ایسی تین چیزوں کے نام لکھیے جن میں آپ کو کچھ پیٹرن نظر آتے ہوں۔

کچھ ایسے پیٹرن بنائیے جسے آپ اپنے چاروں طرف پاتے ہیں۔






انھوں نے بلاک کو بار بار استعمال کر کے یہ ڈیزائن بنائے ہیں۔ ایک دن مجھے ایک بلاک ملا اور میں نے ایک خوبصورت ڈیزائن بنا ڈالا۔



آپ ذرا غور سے دیکھیں گے تو پتہ چلے گا کہ یہ ڈیزائن ایک ہی بلاک کو الگ الگ طریقے سے استعمال کر کے بنائے گئے ہیں۔

جس طریقے سے ہر بلاک کو دہرایا گیا ہے کیا آپ اس میں کوئی پیٹرن دیکھ رہے ہیں؟

© NCERT not to be republished

## تصویروں کے پیٹرن



میں نے تصویروں کے کچھ پیٹرن بنائے ہیں۔
ہر پیٹرن کو بنانے کے لیے میں نے ایک اصول
کا استعمال کیا ہے۔





اس پیٹرن کا اصول ہے کہ ہر دو لڑکوں کے بعد ایک لڑکی ہے۔ اسی کو بار بار دہرایا گیا ہے۔





اس پیٹرن میں ایک تیر اوپر کی طرف ہے اور ایک نیچے کی طرف ہے۔
اور پھر اسی کو بار بار دہرایا گیا ہے۔

### مشق کا وقت

- نیچے کچھ پیٹرن دیئے گئے ہیں۔

ہر پیٹرن کا اصول معلوم کیجیے اور پیٹرن کو پورا کیجیے۔

(A)




(B)

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | A | B | A | A | B | | | |

© NCERT not to be republished


(C) 


(D) 


(E) 

(F) صبح، دوپہر، شام، رات، صبح ______.........

## بڑھتے ہوئے پیٹرن











کیا آپ اس میں کوئی اصول تلاش کر کے پیٹرن کو آگے بڑھا سکتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

انہیں بھی آگے بڑھائیے۔







© NCERT not to be republished

## اپنے پیٹرن

◆ یہاں خالی جگہ دی گئی ہے اس میں آپ اپنے پیٹرن بنائیے۔

.1

.2

.3

.4

◆ اپنے دوستوں سے کہیے کہ وہ آپ کے بنائے ہوئے پیٹرن کو آگے بڑھائیں۔

## عددی پیٹرن

- ہم نے تصویروں سے کچھ پیٹرن بنائے ہیں۔ ہم اعداد سے پیٹرن بھی بنا سکتے ہیں۔ جیسے

21,41,61,81,101,......

اگلا عدد تو آپ کو پتہ ہے نا؟

یہ ایک بڑھتا ہوا پیٹرن ہے۔ یہ آگے اور آگے بڑھتا جائے گا۔

21,41,61,81,101,.121,141,161,.....

A. اصول تلاش کرو اور ان بڑھتے ہوئے پیٹرن کو آگے بڑھاؤ۔

(a) 51, 56, 61, 66, ____, ____.......

(b) 7, ____ 21, 28, 35, ____, ____.......

(c) 2, 4, 8,16, 32, ____, ____, ____

(d) 12A,13B,14C, ____, ____

B. ان بڑھتے ہوئے پیٹرن کو دیکھیے۔ معلوم کیجیے کہ ہر عدد میں کیا جمع کریں کہ اگلا عدد حاصل ہو جائے؟

(a) 1, 3, 6, 10, ____, ____, ____, ____

(b) 0, 2, 6,12, ____, ____, ____, ____

(c) 1,3,7,13, ____, ____, ____, ____

(d) 2,3,6,11,18, ____, ____, ____, ____

یہ سبق بچوں کو اپنے آس پاس پیٹرن ڈھونڈنے اور انہیں سمجھنے میں مدد کرتا ہے۔ ان کو دہرائے جانے والے بڑھتے ہوئے پیٹرن کی اور بھی مثالیں دی جا سکتی ہیں۔ انہیں 'خفیہ' یا ان اکائیوں کو پہچاننا ہے جن سے یہ پیٹرن بنے ہیں۔ خفیہ پیغام یا کوڈ بنانا بھی پیٹرن کی پہچان کرنے میں مدد کرتا ہے۔ جیسے جیسے بچوں کی الجبرے کی سمجھ میں اضافہ ہوتا ہے انہیں احساس ہوگا کہ لڑکا/لڑکی کے اصول سے تیار ہونے والا پیٹرن AAB یا ↓↑↑ الگ نہیں ہے۔ کچھ دلچسپ اور اہم عددی پیٹرن بھی دیے گئے ہیں جن کا تعلق ریاضیاتی عملیات سے ہے۔



2019-20

© NCERT not to be republished

# خفیہ پیغامات

امریتا اور پریتوش ایک دوسرے کو خفیہ پیغام لکھ رہے ہیں۔







کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ کیا کہنا چاہ رہے ہیں نیچے دو اور خفیہ پیغامات ہیں۔ پیٹرن کو دیکھیے اور خفیہ پیغام معلوم کیجیے۔

1 I 2 L 3 O 4 V 5 E 6 Y 7 O 8 U

ATBHCIDS EBFOGOHK IIJS KFLUMN

اب آپ بھی اپنے خفیہ پیغام لکھیے۔

© NCERT not to be republished

## جفت اور طاق اعداد کے پیٹرن۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 91 | 92 | 93 | 94 | 95 | 96 | 97 | 98 | 99 | 100 |
| 81 | 82 | 83 | 84 | 85 | 86 | 87 | 88 | 89 | 90 |
| 71 | 72 | 73 | 74 | 75 | 76 | 77 | 78 | 79 | 80 |
| 61 | 62 | 63 | 64 | 65 | 66 | 67 | 68 | 69 | 70 |
| 51 | 52 | 53 | 54 | 55 | 56 | 57 | 58 | 59 | 60 |
| 41 | 42 | 43 | 44 | 45 | 46 | 47 | 48 | 49 | 50 |
| 31 | 32 | 33 | 34 | 35 | 36 | 37 | 38 | 39 | 40 |
| 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |

ان اعداد میں آدھے اعداد پیلے رنگ کے خانوں میں ہیں۔ان اعداد میں آپ کو کیا پیٹرن نظر آرہے ہیں؟

اسی پیٹرن کو آگے بڑھایئے اور خالی جگہوں کو بھریے۔

96,98,___,102,___,___,___,___,___

آپ اس پیٹرن کو کتنا آگے تک بڑھا سکتے ہیں؟

ان اعداد کا ایک خاص نام ہے۔ان کو جفت اعداد کہتے ہیں۔

کیا ان جفت اعداد میں سے کوئی بھی عدد 3 یا 5 پر ختم ہو رہا ہے۔

جفت اعداد کن اعداد پر ختم ہوتے ہیں۔

نیلے، رنگ کے اعداد کے پیٹرن کو دیکھیے۔ پیٹرن کو آگے بڑھایئے اور خالی جگہوں کو بھریئے۔

99,101,___,105,107,___,___,___

نیلے رنگ والے اعداد کن اعداد پر ختم ہو رہے ہیں۔



© NCERT not to be republished

وہ تمام اعداد جو 1, 3, 5, 7 یا 9 پر ختم ہوتے ہیں طاق اعداد کہلاتے ہیں۔

400 اور 410 کے درمیان کے تمام طاق اعداد لکھیے۔

---

155 اور 165 کے درمیان کے تمام جفت اعداد لکھیے۔

---

اگر ہم کسی طاق عدد میں 1 جوڑیں تو ہم کو ایک جفت/ طاق عدد ملے گا۔ ______________

اگر ہم کسی جفت عدد میں 1 جوڑیں تو ہم کو ایک جفت/ طاق عدد ملے گا۔ ______________

کسی طاق عدد میں جب آپ ایک جفت عدد جوڑیں گے تو آپ کو کیا ملے گا؟

## نام ترتیب میں

عادل کو نیچے دی گئی فہرست کو اس طرح ترتیب دینی ہے کہ الف سے شروع ہونے والے نام سب سے پہلے آئیں پھر ب، س، ش وغیرہ کے آئیں۔ جو نام سب سے پہلے آئے گا اس کے سامنے الف لکھیں گے۔ اسی ترتیب سے سبھی کے نام لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شاردا ☐ | مہادیون ☐ | سیرنگ ☐ | عادل ☐ | |
| گریندر ☐ | بائی چنگ ☐ | ہرشا ☐ | راجہ ☐ | |
| نارائن ☐ | کویتا ☐ | ورشا ☐ | ایلویس ☐ | جلج ☐ |

جلج کو اپنے خاص نام پر فخر ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ میرا نام اگر الٹا بھی پڑھا جائے تو یہ میرا نام ہی پڑھا جائے گا۔

درج ذیل ناموں میں کن ناموں کے پیٹرن ایسے ہیں؟ (✓) کا نشان لگایئے۔

ہرش، انا، کنک، مُنّا، اونگی۔



© NCERT not to be republished